7 رمضان

اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی جانب سے ہماری کامیابی کا وعدہ

یقیناً اللہ سبحانہ و تعالیٰ کا وعدہ کسی مخلوق کے وعدے کی طرح نہیں ہے کیونکہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ کا وعدہ کبھی ٹوٹتا نہیں اور کبھی جھوٹا ثابت نہیں ہوتا۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے فرمایا:

إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ

"بے شک اللہ وعدہ خلافی نہیں کرتا" (آل عمران: 9)۔

ہمارے دور کی اس نسل کو اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے وعدے پر کامل یقین قائم کرنا ہے تاکہ مسلمانوں میں وہی ایمانی جذبہ پیدا ہو جائے اور وہ صالح اعمال سرانجام دیں اور دنیا کی قیادت ان کے ہاتھ میں آ جائے اور وہ انسانیت کے رہنما اور حکمران بن جائیں اور انسانیت کو خوف کی صورتحال سے نکال کر امن و تحفظ فراہم کریں۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے فرمایا:

وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ

"اللہ تم میں سے ان لوگوں سے جو ایمان لائے ہیں اور نیک اعمال کیے ہیں وعدہ فرما چکا ہے کہ انہیں ضرور زمین میں حکمران بنائے گا جیسا کہ ان لوگوں کو بنایا تھا جو ان سے پہلے تھے اور ان کے لیے ان کے اس دین کو مضبوطی کے ساتھ محکم کر کے جما دے گا جسے وہ ان کے لیے پسند فرما چکا ہے اور ان کے اس خوف و خطر کو امن و امان سے بدل دے گا، وہ میری عبادت کریں گے اور میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں گے۔ اس کے بعد بھی جو لوگ کفر کریں وہ یقیناً فاسق ہیں" (النور:55)۔

حزب التحریر ولایہ پاکستان

www.hizb-ut-tahrir.info/ur/